© rasailojaraid.com

اسلامی انقلاب کی علمبردار خواتین نے بتول جاری کیا تو غلبۂ حق کی تمنائی طالبات نے "پکار" کا اجرا کیا۔ "پکار" کے ذریعے طالبات کی ایک بڑی تعداد نہ صرف محبتِ دین کی رُوح حاصل کرتی ہے، بلکہ ادب کے مطالعہ کے شوق میں پیش قدمی کے ساتھ ساتھ مضمون نویسی اور افسانہ نگاری کی مشق کر کے مستقبل میں اپنے لیے مقام پیدا کر رہی ہیں۔

اس نمبر میں "اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰن"، "مفلس کون ہے"، "آگہی"، "میرے سوال"، "خاتونِ احد"، "قرآنی نظام کا مزاج"، "دل کی تنگی"، "تنظیمی ذمہ داریاں تعلیم میں رکاوٹ نہیں بنتیں"، (کئی انٹرویوز)، "مطالعۂ سیرت"، "زندگی موت ہے کھو دیتی ہے گر ذوقِ خراش"، "باطل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم"، "احساس"، "کُوْنُوْا اَنْصَارَ اللّٰہ" ـــ سلسلہ طویل ہے، بہت بہت اچھے مضامین ہیں، اشعار بھی ہیں، سوالات اور جوابات بھی۔

اس نمبر کو طالبات میں پھیلنا چاہیے۔

---

| | |
|---|---|
| **اُردو ڈائجسٹ بلوچستان نمبر** | مدیر: الطاف حسن قریشی۔ دفتر: ۲۱ ایکڑ اسکیم، سمن آباد، لاہور ۲۵<br>قیمت خاص نمبر: ۱۲/- روپے۔ سالانہ: ۱۳۰/- روپے۔ |

الطاف صاحب کا کمال ہے کہ مفید کام کی نئی راہیں نکالتے رہتے ہیں۔ اُردو ڈائجسٹ جیسے شہرت یافتہ جریدہ کا اب وہ بلوچستان نمبر لائے ہیں۔ اس کے لیے انہوں نے معلومات جمع کیں، سفر کیے، انٹرویو لیے اور پھر جمع کردہ عجائبات کو سجا سنوار کے اس طرح کاغذی ایوان میں رکھا کہ ایک عجائب خانہ بن گیا۔

لیکن نہیں! ـــ اصل خدمت ان کی یہ ہے کہ انہوں نے بلوچستان کے خواص و عوام کے تاثرات و احساسات اور ان کے سیاسی و معاشی مسائل کو ہمارے سامنے وضاحت سے رکھ کر وہ سوالات نمایاں کیے ہیں جو بلوچستان کی سرزمین پاکستان کے اربابِ اقتدار اور اصحابِ دانش سے کر رہی ہے۔ یہ ایک قیمتی خدمت ہے جسے نہ کوئی حکومت اب

© rasailojaraid.com